سلسلة مطوية بالأردو (6)

# اپنی اولاد کی حفاظت کریں

## (حافظ على أولادك)


إعداد

نديم اختر سلفي

داعية هندي بجمعية الدعوة والإرشاد
وتوعية الجاليات بحوطة سدير



جمعية الدعوة والإرشاد وتوعية الجاليات في حوطة سدير
تحت إشراف وزارة الشؤون الإسلامية والدعوة والإرشاد


(سعودی فتوی اور بڑے علماء کی کمیٹی کے ایک اہم رکن علامہ شیخ صالح بن فوزان الفوزان حفظہ اللہ اولاد کے متعلق والدین کو نصیحت کرتے ہوئے فرماتے ہیں):

(اپنی اولاد کی حفاظت کریں، یقیناً آپ کی اولاد ہی آپ کی فائدہ مند تجارت ہے، جب آپ ان کی تربیت کریں گے، ان کی بہتر رہنمائی کو انجام دیں گے اور انہیں صحیح راستہ دکھائیں گے تو اللہ سبحانہ وتعالیٰ کے پاس آپ کی حقیقی تجارت آپ کی اولاد ہی ہوگی، یہی لوگ موت کے بعد آپ کے لئے دعا کریں گے، آپ کے اہل وعیال اور مال کے (سچے) جانشیں یہی ہوں گے، جب آپ ان کی اصلاح اور تربیت ورہنمائی کا کام کریں گے تو اپنے بزرگوں کے بہتر جانشیں یہی ہوں گے، لیکن جب آپ انہیں چھوڑ دیں گے اور ان سے غافل ہوجائیں گے تو موت وحیات دونوں میں یہ آپ کے لئے افسوس اور حسرت کا باعث ہوں گے، اس لئے اللہ کے بندو! اپنی اولاد کے سلسلے میں اللہ سے ڈریں، جس امانت کو اللہ نے آپ کو سونپا ہے اور آپ کے حوالے کیا ہے اسے ادا کریں، ورنہ قیامت کے دن اللہ آپ سے اس امانت کے بارے میں سوال کرے گا، (یاد رکھیں!) آپ میں سے ہر شخص ذمہ دار ہے اور وہ اپنے ماتحت کے بارے میں ضرور پوچھا جائے گا)۔